ilmkidunya
علم کی دنیا

Education - 10th Class Education Urdu Medium Chapter 1 Preparation

Q1. پاکستان میں اساتذہ کرام کی تربیت کے لیے کیا کیا اقدامات کیے گئے ہیں.

Ans 1: پاکستان میں مختلف سطح کے مختلف تربیتی ادارے اور یونیورسٹیاں مستقبل کے اساتذہ کرام کی تربیت کا اہتمام کررہی ہیں. عام طور پر ایف اے ایف ایس سی یا گریجویشن کے بعا ان اداروں میں داخلہ لیا جاسکتا ہے.

Q2. پاکستان میں تعلیم کے مدارج بیان کریں.

Ans 1: تعلیم کے مدارج سے مراد تعلیم کے ایسے دورانیے ہیں جن کے مطابق طلبہ مختلف سطحوں پر تعلیم حاصل کرتے ہیں. پاکستان میں تعلیم کے مدارج زیل تین مدارج ہیں. ابتدائی تعلیم - ثانوی تعلیم - اعلی تعلیم

Q3. مذہبی تعلیم کے مقاصد بیان کریں.

Ans 1: مدارس کے نظام تعلیم کا مقصد اسلامی علوم کی اشاعت اور عربی کا فروغ ہے. ان میں ابتدائی تعلیم سے اعلی تعلیم فراہم کی جاتی ہے. اہم نصابی سرگرمیوں ، پیشہ ورانہ علوم اور کمپیوٹر کی تعلیم کو ان کے نصاب میں شامل کیا جارہا ہے.

Q4. پاکستان میں تعلیم کی ضرورت سے کب محسوس کی گئی.

Ans 1: قیام پاکستان کے فورا بعد ہی تعلیم کی ضرورت کو بڑی شدت سے محسوس کیا گیا. 1947 میں پہلی تعلیمی کانفرنس میں اس کا ایک رخ متعین کردیا گیا. بعد میں بننے والی ہر نئی تعلیمی پالیسی میں اس کو اہمیت دی گئی.

Q5. پاکستان میں موجودہ شرح خؔواندگی کیا ہے.

Ans 1: پاکستان میں 2003-04 کے حکومتی اعداد و شمار کے مطابق شرح خواندگی تقریبا 4 فی صد کے قریب ہوچکی ہے.

Q6. پاکستان کی زیادہ تر آبادی کون سے پیشے سے منسلک ہے.

Ans 1: پاکستانی بنیادی طور پر ایک زرعی ملک ہے. ملک کی زیادہ تر آبادی دیہات میں رہتی ہے کسی نہ کسی شکل میں کھیتی باڑی کے پیشے سے منسلک ہے.

Q7. ابتدائی تعلیم کی تکمیل کے لیے کتنے سال درکار ہوتے ہیں.

Ans 1: پہلی سے آٹھویں جماعت تک کی تعلیم الیمنٹری یا ابتدائی تعلیم کہلاتی ہے اس کی تکمیل کے لیے سکول میں داخلے کے بعد آٹھ سال درکار ہوتے ہیں.

Q8. پاکستان میں کتنے فیصد بچے ابتدائی تعلیم مکمل کرتے ہیں.

Ans 1: پاکستان میں تمام بچے سکول میں داخل نہیں ہوتے اور جو داخل ہوتے ہیں ان میں سے بھی پچاس فی صد بچے ابتدائی تعلیم پوری ہونے سے پہلے ہی سکول چھوڑ جاتے ہیں.

Q9. موجودہ قومی تعلیمی پالیسی میں ثانوی تعلیم کے برے میں کیا تذکرہ کیا گیا ہے.

Ans 1: سابقہ تعلیمی پالیسیوں کی طرح موجود قومی تعلیمی پالیسی میں بھی اس بات کو مد نظر رکھا گیا ہے کہ ایسے تمام بچے اور بچیاں جو ثانوی تعلیم حاصل کرنے کے خواہش مسند ہوں انہیں سکول تک پہنچانے کے انتظامات کو یقینی بنایاجائے.

Q10. پاکستان میں خواتین کو ہوم اکنامکس کی تعلیم دینے کے لیے کیا کیا اقدامات کیے گئے ہیں.

Ans 1: پاکستان میں خواتین کی تربیت کے لیے خواتین کے اداروں میں امور خانہ داری اور ہوم اکنامکس کے مضامین سکول سے یونیورسٹی کی سطح تک متعارف کروائے جاچکے ہیں. نیز پاکستان کے کچھ شہروں میں ہوم اکنامکس کی تعلیم کے لیے علیحدہ کالج بھی موجود ہیں.